A monthly publication of University of Sargodha

NEWSLETTER

October 2017 : Volume 11, Issue 10

# Wounded Tigers win T-20

To celebrate the 15th anniversary of HEC, University of Sargodha's cricket ground hosted the visiting English and Irish amateur cricket team 'Wounded Tigers' on 11th September for a T-20 match with UOS Falcons.

Led by Peter Oborne, the acclaimed author of the book titled *Wounded Tiger: A History of Cricket in Pakistan* (2014), the team included celebrity writers, academics, social activists human rights activists, lawyers and businessmen: Clive Stafford Smith, Nicholas Taylor, Richard Asherton, Thomas Gibbas, Alexander Gallahar, Alexander Massie, Duncan Grehan, Michael French-Davis, Lan Vaughn, Lin Francis, Alastair Crawford and Barrister Shahzad Akbar.

This was the second tour of 'Wounded Tigers' to Pakistan since 2014, and the 25th match so far – and, interestingly, the only one in which they have won.

The noble purpose of their current and previous tours was to promote Pakistan's soft image by highlighting the warmth and hospitality of its people in contrast to the country's perception in the Western world. A more specific purpose was to revive international cricket here, which has suffered a blow since the 2009 terrorist attack against Sri Lankan cricket team in Lahore.

The match attracted several hundred spectators, mostly students, who enjoyed every bit of it as well as the fascinating commentary by students. Peter Oborne, Clive Smith and other players also danced on local *Dhol* beats while celebrating their victory.

On the occasion, Peter said: "We are here to tell the world that Pakistan is a peaceful country and a hospitable nation. And we are overwhelmed by the love and affection that university faculty and students as well as people of this great city have shown us."




Clive, who is listed among the Top 100 Intellectuals of the World, has been so impressed with UOS that he now plans to link its Law College with two leading British legal and human rights entities: The Bonaventure Centre in Oxford and the Bertha Foundation. Clive heads Reprieve, the London-based independent human rights organization, which has played a key role in liberating most of the illegally confined poisoners from Guantanamo Bay.



The Vice Chancellor, Dr Ishtiaq Ahmad, thanked all members of "Wounded Tigers' for visiting Sargodha, especially Barrister Shahzad Akbar, President of the Foundation for Fundamental Rights, an Islamabad-based independent think tank, for providing "our students and staff with this rare opportunity."

He continued: "Today, we are starting our month-long celebrations to mark the 15th anniversary of our parent institution, the Higher Education Commission of Pakistan, and we are so happy to be doing so with a debut event in the City of Eagles that has global significance for our proud nation."

# HEC grants NOCs to Mianwali & Bhakkar sub-campuses

## As University complies with its quality concerns




A view of the Administration Block, Sub-Campus Bhakkar

The Higher Education Commission has finally issued the No Objection Certificates to University of Sargodha's sub-campuses of Bhakkar and Mianwali, after both passed the stringent criteria of accreditation procedure set by the HEC.

The sub-campuses were established in 2012 with university's own sources amounting to Rs. 500 million each. The current student strength of Bhakkar campus is 3207 with 49 faculty members including 12 PhDs while the Mianwali campus is providing education and research facilities to 3487 students with 46 faculty members including 12 PhDs.

Previously, the HEC had granted conditional NOC for Bhakkar Campus with the direction to address quality issues while the Mianwali campus was not granted the NOC considering deficiencies in infrastructure facilities and faculty shortage. The primary concern of the Commission was that the previous university administration had stated programs in various departments without the required number of faculty members and related facilities. Resultantly, the quality of education was seriously compromised as observed by the HEC.

Since the present Vice Chancellor assumed charge in December 2016, quality issues have been addressed seriously to meet deficiencies pointed out by the visiting HEC inspection teams. During the first phase, faculty recruitment process has been completed by arranging Selection Board for recruiting senior faculty members. The university management further diverted its spending towards developmental work and procurement of lab equipment and allied facilities to successfully cope with the infrastructure deficiencies.

Last month, the HEC had dispatched its expert teams for the verification and inspection of the improvement in facilities and other program wise requirements. Consequently, having gone through the inspection reports, the HEC has granted NOC to both the sub-campuses and expressed complete satisfaction over the progress made so far.

The HEC's recognition of these campuses is an evidence of the progressive and reforming efforts made by the current university management.

# Record number of applicants for 2017 Fall admissions

## 45,000 applicants against 22,000 last year

The extraordinary rush of applications for Fall 2017 admissions at University of Sargodha testifies the trust of parents and students in university's fast growing academic profile this year.

The Admission Office received around 45,000 applications against 6,700 seats in 31 disciplines. Among them, 30,000 candidates applied directly by purchasing university prospectus while 15,000 candidates applied online.

This is the first time ever that the university administration introduced the online admission process, which was user friendly both in terms of completion of required forms and depositing of admission dues.

In the Fall 2016 annual admissions, there were 22,000 applicants, which means that the number of applicants this year has more than doubled. This trend is attributed to the significant growth this year in the academic profile of the university, which has in turn positively shaped the perceptions of young applicants and their parents to prefer UOS over other public sector universities in the Punjab province.



Ever helpful Admissions Staff guides prospective students

"We will continue to modernize the admission process, in consonance with other reforms being taken in enhancing the level of teaching and research, linking academics with industry and collaborating our departments and faculties with reputed national and international institutions," said Dr Muhammad Afzal, the Chair of Admissions Committee.




# TOFEL and ILTES Test Center at UOS proposed

## Summer School concludes at Lincoln Corner

Michel Gunaim, Public Affairs Officer of US Consulate Lahore, visited Lincoln Corner at University of Sargodha in connection with its Summer School Certificate distribution ceremony.

On the occasion, certificates were distributed among the graduates of Summer School, including students who completed student mentor-ship program of Lincoln Corner, speakers and the members of graphics and media society for facilitating the sessions and their services in summer school.

The visiting US Public Affair Officer also discussed with the Vice Chancellor, Dr Ishtiaq Ahmad, the idea of establishing TOFEL and ILTES test center at UOS. He assured to include UOS faculty members into entrepreneur workshop to be arranged by the US Consulate.



Michel Gunaim, Public Affairs Officer of US Consulate Lahore, speaking on the ocassion

More than 50 individual programs were facilitated in the Summer School, including community outreach session. There were different learning modules offered in the summer school related to technology, humanities, social sciences, leadership, and community development, freelancing, web development, story illustration, photography, videography, awareness on drug abuse and English learning sessions. These modules were executed on interactive and activity based instructional style.

Maryam Gul, Coordinator Lincoln Corner, said, “We are optimistic, hopeful and confident about our role in community development and bringing new horizons of learning through interactive experiential and activity based programs in University of Sargodha.”

Mr Gunaim spoke about leadership, referring to Holy Prophet Muhammad (PBUH) as “the role model for all of us.” He also gave other examples from Muslim history to highlight the various attributes of leadership.

The Vice Chancellor congratulated the participants on their achievements and wished them luck for their future endeavors.


یونیورسٹی میڈیکل کمپلیکس اینڈ ریسرچ سنٹر، ٹیچنگ ہسپتال

جدید ترین لیبارٹری اور معیاری فارمیسی
خصوصی رعایت کے ساتھ درج ذیل شعبہ جات

Ph: 9230846, 9230883, 9230888, 9230811-15
Ext. 441 & 801

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ماڈل تشخیصی لیبارٹری | یونیورسٹی ماڈل فارمیسی | کلرڈ ڈاپلر الٹراساؤنڈ | ڈیجیٹل ایکسرے | جنرل میڈیسن |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| جنرل سرجری | امراضِ نسواں | امراضِ بچگان | کارڈیالوجی / امراضِ دل | امراضِ ناک کان وگلہ | امراضِ دندان | فزیکل تھراپی |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| امراضِ چشم | امراضِ جلد | یورالوجی / امراضِ گردہ ومثانہ | امراضِ جگر ومعدہ | آرتھوپیڈک / امراضِ ہڈی وجوڑ |

اوقات

| | صبح: آؤٹ ڈور کلینکس | صبح: میڈیکل لیبارٹری | صبح: یونیورسٹی ماڈل فارمیسی | | شام: آؤٹ ڈور کلینکس | شام: میڈیکل لیبارٹری | شام: یونیورسٹی ماڈل فارمیسی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| موسم سرما | 8:30 تا 2:30 روزانہ (ماسوائے اتوار) | 7:00 تا 3:30 روزانہ | 7:00 تا 3:30 روزانہ | موسم سرما | 5:00 تا 9:00 روزانہ (ماسوائے اتوار) | 3:30 تا 11:00 روزانہ | 3:30 تا 11:00 روزانہ |
| موسم گرما | 8:00 تا 2:00 روزانہ (ماسوائے اتوار) | 7:00 تا 3:30 روزانہ | 7:00 تا 3:30 روزانہ | موسم گرما | 6:00 تا 10:00 روزانہ (ماسوائے اتوار) | 3:30 تا 11:00 روزانہ | 3:30 تا 11:00 روزانہ |

# یونیورسٹی میڈیکل کمپلیکس میں اوپن ڈے، سول سوسائٹی کی بھرپور شرکت

ہائر ایجوکیشن کمیشن اور یونیورسٹی آف سرگودھا کے قیام کے 15 سال مکمل ہونے کی تقریبات کے سلسلہ میں جامعہ سرگودھا میں ''اوپن ڈے'' منایا گیا، جس میں ڈسٹرکٹ بار، چیمبر آف کامرس، صحافیوں، اساتذہ اور سول سوسائٹی کے نمائندگان نے شرکت کی۔شرکا نے یونیورسٹی میڈیکل کمپلیکس کا دورہ کیا، جہاں اُنھیں ہسپتال میں فراہم کی جانے والی جدید طبی سہولیات کے بارے میں بتایا گیا۔شرکا کے فری بلڈ ٹیسٹ، شوگر ٹیسٹ کیے گئے اور صحت کے حوالے سے معلومات بھی فراہم کی گئیں۔ بریفنگ کے دوران پروفیسر ڈاکٹر ناظرہ سلطانہ نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹی آف سرگودھا تعلیم کے ساتھ ساتھ صحت کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے کوشاں ہے۔ یونیورسٹی میڈیکل کمپلیکس اینڈ ریسرچ سنٹر کے آپریشنل ہونے سے سرگودھا کے شہریوں کو علاج معالجہ کی بہترین سہولیات میسر آجائیں گی اور سرگودھا میڈیکل کالج کے طلبہ کو پریکٹس کے لیے جدید ترین سہولیات سے مزین ہسپتال میسر ہوگا۔ ڈائریکٹر یونیورسٹی میڈیکل کمپلیکس اینڈ ریسرچ سنٹر ڈاکٹر نوید جبار نے شرکاء کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ 200 بستر پر مشتمل یونیورسٹی ہسپتال کو ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کی سفارشات کے مطابق بنایا گیا ہے۔اور اسے سرگودھا میڈیکل کالج کے طلبہ کے لیے ٹیچنگ ہسپتال میں بدل دیا جائے گا۔ان ڈور، آؤٹ ڈور، اوپی ڈی کے علاوہ کارڈیالوجی وارڈ اور اینڈوسکوپی یونٹ بھی بنایا گیا ہے۔ جدید آلات ومشینری سے لیس آپریشن تھیٹر میں ماہر ترین سرجن خدمات سرانجام دیں گے، جدید ترین لیبارٹریوں اور ماہرین پر مشتمل پیتھالوجی سنٹر، ریڈیالوجی ڈیپارٹمنٹ کے علاوہ جنرل سرجن، نیوروسرجن اور میڈیکل سپیشلسٹ کی موجودگی سے شہریوں کو بہترین طبی سہولیات میسر آئیں گی۔اِس میں سی ایس ایس ڈی ڈیپارٹمنٹ بھی بنایا گیا ہے۔لیپروسکوپی اور لانڈری بھی ہے۔ یونیورسٹی فارمیسی کے ذریعے جدید ترین ادویات سستے داموں فراہم کی جارہی ہیں۔ ڈاکٹر حمیرہ اکرم، پرنسپل سرگودھا میڈیکل کالج نے کہا کہ یونیورسٹی ہسپتال کے قیام سے میڈیکل ریسرچ کے لیے راہیں ہموار ہوں گی۔اب تک میڈیکل کالج کے طلبہ پریکٹس کیلئے ڈسٹرکٹ ہسپتال جاتے ہیں جہاں ناکافی سہولیات کی وجہ سے بہت سے مریضوں کو دیگر ہسپتالوں میں ریفر کر دیا جاتا ہے تاہم یونیورسٹی ہسپتال میں جدید ترین سہولیات میسر ہونے کی وجہ سے طلبہ بہتر انداز میں اپنی پریکٹس کو جاری رکھ سکیں گے۔




# شعبہ فارمیسی کی ہائی ٹیک لیبارٹریز میں طلبہ کو جدید مشینری کے متعلق آگاہی

ہائر ایجوکیشن کمیشن اور یونیورسٹی آف سرگودھا کے قیام کے 15 سال مکمل ہونے کی تقریبات کے سلسلہ میں فارمیسی ڈیپارٹمنٹ میں ''اوپن ڈے'' منایا گیا جس میں ڈین فیکلٹی آف فارمیسی ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر ساجد بشیر، ڈائریکٹر سٹوڈنٹ افیئر زاعجاز اصغر بھٹی اور فیکلٹی ممبران سمیت یونیورسٹی سے ملحقہ تعلیمی اداروں کے طلبہ وطالبات نے بھرپور شرکت کی۔طلبہ وطالبات نے فارمیسی ڈیپارٹمنٹ کی لیبارٹریوں کا دورہ کیا جہاں اُنھیں تجربات میں استعمال ہونیوالے جدید ترین آلات ومشینری کے بارے میں آگاہی دی گئی۔اس موقع پر ڈاکٹر ساجد بشیر نے کہا کہ دوا سازی کے شعبہ میں اس وقت انقلابی اقدامات کی ضرورت ہے اور فارمیسی ڈیپارٹمنٹ جدید ٹیکنالوجی کو استعمال کرتے ہوئے، دواسازی کے شعبہ میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔انہوں نے اس موقع پر یونیورسٹی فارماسوٹیکل انڈسٹریل یونٹ کا مکمل تعارف کرایا۔



# ہم نصابی سرگرمیاں







ہائر ایجوکیشن کمیشن کے قیام کے پندرہ سال مکمل ہونے کے موقع پر یونیورسٹی آف سرگودھا میں مختلف تقریبات کا انعقاد کیا گیا۔ اس ضمن میں یونیورسٹی آف سرگودھا کے ریاض شاد ہم نصابی فورم کے زیر اہتمام اردو /انگریزی مضمون نگاری، اردو/ انگریزی تقریر اور مصوری کے مقابلہ جات کا انعقاد کیا گیا۔ ان مقابلہ جات میں یونیورسٹی آف سرگودھا کے مختلف شعبہ جات اور یونیورسٹی سے الحاق شدہ کالجز نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اردو تقریر کے مقابلہ میں یونیورسٹی کالج آف ایگری کلچر کے طالب علم طفیل احمد ناصر نے پہلی پوزیشن حاصل جب کہ یونیورسٹی لاء کالج کے بلال بخاری اور علی رضا نے بالترتیب دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کی۔ انگریزی تقریر کے مقابلہ میں سپئیریر کالج کی طالبہ مقدس جہانگیر نے پہلی اور ثنا بتول نے دوسری پوزیشن حاصل کی جبکہ یونیورسٹی آف سرگودھا کے شعبہ انگریزی کے طالب علم عبدالغفار تیسری نمبر پر رہے۔ اردو مضمون نگاری کے مقابلہ میں یونیورسٹی لاء کالج کے طالب علم اسد جاوید بھٹی نے پہلی پوزیشن حاصل کی، پنجاب کالج کے محمد ادریس بٹ نے دوسری اور دارارقم کالج کے اعزاز الحسن نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ مصوری کے مقابلہ جات میں شعبہ فائن آرٹس کی طالبہ عالیہ صدف نے پہلی، پنجاب کالج کی سدرہ شفقت نے دوسری اور گورنمنٹ پوسٹ گریجوایٹ کالج فار وومن کی طالبہ مہناز ریاض نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔

یومِ آزادی کے سلسلہ میں ایک اور تقریب حکومت پنجاب اور ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے اشتراک سے یونیورسٹی آف سرگودھا میں منعقد کی گئی، جس میں طلبا و طالبات نے اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے، صوبائی سطح پر نمایاں پوزیشنز حاصل کیں۔ اِن مقابلوں کو 'میل' اور 'فی میل' کیٹیگری میں تقسیم کیا گیا تھا۔ مقابلہ مصوری میں وقار حنیف (شعبہ فائن آرٹس) سعدیہ نورین (شعبہ فائن آرٹس) اول، مقابلہ نعت میں سید حسن عارف (شعبہ اسلامیات) اقراء زینب (شعبہ مطالعہ پاکستان) اول، مقابلہ کوئز نبیلہ اکرم (شعبہ کیمسٹری) اول، اردو تقریر میں محمد ذوالقرنین (لاء کالج) دوم، اردو مضمون نگاری میں مسرور عباس (شعبہ کیمسٹری) دوم انگریزی تقریر کے مقابلوں میں فائزہ حمید (زوالوجی) سوم اور ملی نغموں میں سید حسن عارف اور عشمہ اقبال سوم آئے۔ علاوہ ازیں جامعہ کی ڈرامہ ٹیم نے گورنمنٹ کالج یونیورسٹی کے زیر اہتمام منعقدہ ڈرامہ فیسٹیول میں ریاض احمد شاد کا تحریر کردہ ڈرامہ ''ویٹنگ روم'' جس کی ہدایات دائم اقبال نے دی تھیں، الحمرا ہال نمبر 2 میں پیش کیا۔

اسی فورم کے زیر اہتمام آزادی تقریبات کے سلسلے میں ادبی مقابلہ جات ڈویژن بھر کی یونیورسٹیز اور کالجز کے درمیان ہوئے۔ پہلے دن اردو تقریر، انگریزی تقریر، اردو مضمون نگاری اور انگریزی مضمون نگاری کے مقابلہ جات منعقد ہوئے۔ ملی نغمات کے مقابلہ میں سید حسن عارف (شعبہ اسلامیات) نے اول پوزیشن، عشماء اقبال (شعبہ شماریات) نے دوسری پوزیشن، محمد کامران (شعبہ فارمیسی) نے تیسری پوزیشن اور محمد جنید اکرم (انجینئرنگ کالج) نے حوصلہ افزائی کا انعام حاصل کیا۔ کوئز کے مقابلہ میں پہلی پوزیشن الزہرہ گرلز کالج کی ٹیم نے حاصل کی جو معززہ حبیب اور سنبل شکیل پر مشتمل تھی۔ دوسری پوزیشن سپئیریر کالج کی ٹیم کو ملی جو اقراء عظمت اور آمنہ قیصر پر مشتمل تھی۔ تیسری پوزیشن دارِارقم کالج کی ٹیم مریم ریاض اور مریم زوہا نے حاصل کی۔ اردو نظم کے مقابلے میں محمد عبداللہ (شعبہ اردو، یونیورسٹی آف سرگودھا) نے اول، سیدہ عیشہ (پنجاب کالج) نے دوم اور تیسری پوزیشن مہک فاروق (سپیریئر کالج) نے حاصل کی۔ پوزیشنز حاصل کرنے والے طلبہ وطالبات کو ڈاکٹر اشتیاق احمد (وائس چانسلر یونیورسٹی آف سرگودھا) اور اعجاز اصغر (ناظم: ریاض شاد ہم نصابی فورم، یونیورسٹی آف سرگودھا) نے مبارک باد دی اور کارکردگی کو سراہا۔



# کیمپس ریڈیو FM98.2 پر مباحثے اور مذاکرے

ہائر ایجوکیشن کمیشن اور جامعہ سرگودھا کے قیام کی 15 سالہ تقریبات کے سلسلہ میں کیمپس ریڈیو ایف ایم 98.2 پر مباحثوں، مکالموں پر مشتمل خصوصی پروگرامز نشر کیے گئے۔ اِس سلسلہ میں منعقدہ پہلے پروگرام میں چیئرمین ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن، ڈاکٹر محمد سرور، اسسٹنٹ پروفیسر پلانٹ بریڈنگ اینڈ جنیٹکس ڈاکٹر اعجاز رسول نور کا، انچارج ڈیپارٹمنٹ آف انگلش ڈاکٹر اظہر پرویز اور ایچ ای سی کی سکالرشپ پر زیر تعلیم طالبہ ماریہ کوثر نے شرکت کی، پروگرام میں ایچ ای سی کے قیام اور اس کے مقاصد کی تکمیل کے حوالے سے اپنی رائے دیتے ہوئے ڈاکٹر محمد سرور نے کہا کہ ایچ ای سی نے اپنے قیام کے فوری بعد اپنے اہداف کی تکمیل کے لیے کام شروع کر دیا، ایچ ای سی نے یونیورسٹی فیکلٹی کی استعداد میں اضافہ کرنے کا فیصلہ کیا۔ انٹرنل فیکلٹی پروگرامز پر توجہ دی گئی، ماسٹر ٹرینرز کے 32 پروگرام مکمل کیے گئے۔ مختلف مہارتوں کے پروگرام شروع کیے گئے، پی ایچ ڈی اور پوسٹ ڈاکٹریٹ کے لیے ایچ ای سی نے اساتذہ وطلبہ کو وظائف دیے گئے۔ ڈاکٹر اعجاز رسول نور کا نے گفتگو میں حصہ لیتے ہوئے کہا کہ ہائر ایجوکیشن کا حصول ہر طالب علم کا خواب ہوتا ہے۔ اعلیٰ تعلیم کے فروغ کو یقینی بنانے کیلئے 2002 کا سال بہت اہمیت رکھتا ہے کیونکہ اسی سال ہائر ایجوکیشن کمیشن کا قیام عمل میں آیا اور اسی سال یونیورسٹی آف سرگودھا بھی معرض وجود میں آئی۔ خاص طور پر ایچ ای سی کے قیام سے ریسرچ کی فیلڈ میں خاطر خواہ بہتری آئی، ایچ ای سی نے سکالرز کو بیرون ممالک بھیجا، اور اُنہی سکالرز نے پاکستان واپس آ کر اپنے متعلقہ شعبہ جات میں جدید طرز پر ریسرچ کو فروغ دیا۔ ڈاکٹر اظہر پرویز نے کہا کہ ہائر ایجوکیشن کمیشن کی جانب سے متعارف کرائے گئے فیکلٹی ڈویلپمنٹ کے مختصر اور طویل المدتی تربیتی پروگراموں سے اساتذہ کو بہت کچھ سیکھنے کو ملا اور اس کا براہ راست فائدہ طلبہ کو ہوا، طالبہ ماریہ کوثر نے کہا کہ ایچ ای سی سکالرشپ کیلئے منتخب ہونا میرے لیے اعزاز کی بات ہے اور اب میں سکالرشپ کی بنیاد پر پی ایچ ڈی کر رہی ہوں۔ دوسرا خصوصی پروگرام ''قومی ترقی میں اعلیٰ تعلیم کا کردار'' کے عنوان سے نشر ہوا۔ اس موضوع پر گفتگو کرنے کیلئے حسن سید، ڈاکٹر شبیر احمد گوندل، ڈاکٹر بشیر اور عرفان بٹ نے شرکت کی۔ ڈاکٹر شبیر نے کہا کہ ترقی کا تصور بہت وسیع ہے، اس میں معاشی، معاشرتی، سیاسی، تعلیمی میدان میں بہتری شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ انفرادی اور معاشرتی دونوں قوتوں کا مضبوط ہونا ضروری ہے۔ حسن سید نے کہا کہ ہم ریسرچ اور فیصلہ سازی کے لیے اعلیٰ تعلیم ایک ایسا پیمانہ ہے جو یہ متعین کرتا ہے کہ کوئی قوم کس قدر ترقی کر چکی ہے۔ 15 سالہ تقریبات کے سلسلہ میں نشر ہونیوالے دیگر پروگراموں میں ہائر ایجوکیشن کمیشن کے قیام سے حاصل ہونیوالے فوائد پر روشنی ڈالی گئی۔



# میانمار میں مسلمانوں پر مظالم کے خلاف مذمتی قرارداد



جامعہ سرگودھا کے اساتذہ اور طلبہ کی طرف سے عالمی برادری سے یہ مطالبہ کیا گیا ہے کہ میانمار کی حکومت کے ساتھ موثر انداز میں مذاکرات کر کے مسلمانوں پر روا رکھے جانے والے مظالم رکوائے جائیں۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی اور انسانی حقوق کی کونسل روہنگیا مسلمانوں پر ہونے والے انسانیت سوز مظالم بند کرانے میں نہ صرف اپنا کردار ادا کرے بلکہ میانمار کے مسلمانوں کی معاشی واقتصادی حالت بہتر بنائے۔ ان کی خوراک اور تعلیم کے لیے موثر اقدامات اُٹھائے جائیں۔

# نیوزلیٹر

ماہانہ اشاعت یونیورسٹی آف سرگودھا | اکتوبر ۲۰۱۷ء | جلد:۱۲ | شمارہ: ۱۰


## ایچ ای سی کی پندرہ سالہ تقریبات: سیرت النبی ﷺ کانفرنس





فہم و فراست اور حکمت و تدبر سے کام لیکر تعلیمی اداروں میں امن کی ترویج کی جا سکتی ہے، قرآن و حکمت کی تعلیم اور رسول اکرم حضرت محمد ﷺ کے اخلاق حسنہ کو اپنا کر معاشرے میں پھیلتی بدامنی اور بے چینی کو روکا جا سکتا ہے۔ اِن خیالات کا اظہار ڈائریکٹر علوم اسلامیہ، جامعہ پنجاب پروفیسر ڈاکٹر محمد سعد صدیقی نے جامعہ سرگودھا میں منعقدہ سیرت سیمینار بعنوان ''اعلیٰ تعلیمی اداروں میں امن کی ترویج، سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں'' سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سیرت سیمینار کا انعقاد ہائر ایجوکیشن کمیشن کے قیام کی پندرہ سالہ تقریبات کے سلسلہ میں کیا گیا، جس کی صدارت وائس چانسلر جامعہ سرگودھا ڈاکٹر اشتیاق احمد نے کی جبکہ بطور مہمان خصوصی سیکرٹری اسلامی نظریاتی کونسل ڈاکٹر اکرام الحق، ڈائریکٹر ادارہ علوم اسلامیہ، جامعہ پنجاب پروفیسر ڈاکٹر محمد سعد صدیقی، ڈین فیکلٹی آرٹس اینڈ لاء ڈاکٹر نواز محسود سمیت، فیکلٹی ممبران، اساتذہ اور طلبہ و طالبات کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے پروفیسر ڈاکٹر محمد سعد صدیقی نے کہا کہ ہمارے تعلیمی نظام کے اندر دانائی و حکمت تیزی سے رُخصت ہو رہی ہے۔ زمانۂ جاہلیت میں انسان کو اپنے مقام و مرتبے کا احساس نہیں تھا۔ حضور اکرم ﷺ نے اسلامی تعلیمات اور اپنے اخلاق حسنہ سے انسان کو بلند مقام و مرتبے کا احساس دلایا۔ اُنھوں نے اس بات پر زور دیا کہ طلبہ، اساتذہ و انتظامیہ عقل و دانش، اخوت و برادری اور صداقت کا دامن تھام کر خود کو مضبوط کریں۔ یونیورسٹی آف سرگودھا امن اور نظم و ضبط کا ایسا جزیرہ ہے جس کی تقلید دیگر تعلیمی اداروں کو بھی کرنی چاہیے۔ وائس چانسلر ڈاکٹر اشتیاق احمد نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانی قوم نے دہشتگردی کو برداشت کیا اور اب ہم اس کے مضمرات سے نکل رہے ہیں۔ تعلیمی اداروں سمیت پورے معاشرے میں امن قائم کرنے کے لیے واضح حکمت عملی کی ضرورت ہے۔ انھوں نے کہا کہ گزشتہ دو دہائیوں سے عالمی سطح پر ایسا ہوتا آ رہا ہے کہ جن ممالک میں مسلم اقلیت میں ہیں، اُن کو ظلم و ستم کا نشانہ بنایا جا رہا ہے، بوسنیا میں ایک رات کے اندر 8 ہزار سے زائد مسلمانوں کا قتل عام کیا گیا، برما میں روہنگیا کمیونٹی کی نسل کشی کی جا رہی ہے جو بوسنیا میں ڈھائے جانیوالے ظلم و ستم کا ہی ایک سلسلہ ہے، جب کہ کشمیر میں بھی اسی طرح مسلمانوں کو تشدد کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ اُنھوں نے اس بات کا اعلان کیا کہ وہ اس موضوع پر عنقریب عالمی کانفرنس بلائیں گے، جس میں میر واعظ عمر فاروق کے علاوہ صحافیوں سمیت دیگر عالمی امور کے ماہرین شامل ہوں گے۔ اُنھوں نے کہا کہ ہمارے قول و فعل میں تضاد کو تبدیل کرنے کے لیے عملی اقدامات ضروری ہیں، ''اسی سلسلہ میں مجلس تربیت طلبہ'' کی بنیاد رکھی جائے گی تا کہ نوجوان نسل کی تربیت کی جا سکے۔ ڈاکٹر اکرام الحق نے کہا کہ حضور اکرم ﷺ ساری انسانیت کے لیے رحمت ہیں۔ اُن پر 15 مرتبہ قاتلانہ حملہ ہوا لیکن انھوں نے کبھی بھی بدلہ نہیں لیا۔ جنابِ وائس چانسلر نے طلبہ و طالبات کی جانب سے کیے جانیوالے سوالات کے جوابات بھی دیے۔ تقریب کے اختتام پر انتظامیہ کی جانب سے اعلان کیا گیا کہ نومبر میں ''بقائے باہمی رواداری'' کے موضوع پر سیمینار کا انعقاد کیا جائے گا۔